© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆جوں ہی بارہ بجے دو پہر' چیف جسٹس کا طیارہ لینڈ ہوا' ہنگامہ شروع ہوگیا۔(فاروق ستار)

تو کیا چیف جسٹس نے جہاز سے نکلتے ہی گولیاں چلانی شروع کردیں؟

☆کراچی میں ایم کیو ایم نے اپنی طاقت دکھائی۔ مجھے نہیں معلوم' گولی کس نے چلائی۔(پرویز مشرف)

خنجر قاتل کی ستائش اور کس طرح ہو سکتی ہے؟

☆اصل جمہوریت کو فروغ دیا۔(پرویز مشرف)

مہنگائی، فحاشی، عریانی، لادینیت، دہشت گردی میں اضافہ ہوا۔

☆ملک میں باقی کسی جگہ چیف جسٹس کے جانے پر ایک گلاس تک نہیں ٹوٹا، کراچی میں کیا ہوا؟ (امین فہیم)

باغباں اور صیّاد کی ملی بھگت کا نتیجہ ہے سائیں!

☆پولیس فورس کو پولیس سروس میں بدلنا ہوگا۔(ڈی آئی جی ڈیرہ)

آدھے جرائم ختم ہو سکتے ہیں۔

☆اپوزیشن کے کارکنوں نے ایم کیو ایم کے کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔(الطاف حسین)

اور ایم کیو ایم کی حکومت اور پولیس کھڑی تماشا دیکھتی رہی؟

☆اعلیٰ ترین آئینی منصب ''چیف جسٹس'' کو سیاسی رنگ میں رنگ دیا گیا۔(چودھری شجاعت)

آرمی چیف کے بارے میں کیا خیال ہے؟

☆حکومت کا چیف جسٹس کے خلاف ریفرنس بھیج کر اُس کے حق میں ریلی نکالنا سمجھ سے بالاتر ہے۔(ظفر اللہ جمالی)

مجنوں نظر آتی ہے لیلیٰ نظر آتا ہے

☆وردی میرے جسم کی کھال ہے کیسے جدا کروں؟(پرویز مشرف)

کھال کوئی دوسرا ہی اتارتا ہے۔(قاضی حسین احمد)

☆صدر کے اقدامات کے ثمر نظر آنے لگے۔(وزیر اعظم شوکت عزیز)

کراچی میں ۴۰ ہلاک، ۱۵۰ زخمی۔ پشاور میں ۲۵ ہلاک، ۵۰ زخمی!

☆ہمارے ترقیاتی کام خود بول رہے ہیں۔(پرویز الٰہی)

گھی: ۱۰۰ روپے کلو، دال: ۱۰۰ روپے کلو، آٹا: ۱۸ روپے کلو، دہی ۳۶ روپے کلو

☆میر ظفر اللہ جمالی نے مسلم لیگ سے استعفیٰ دے دیا۔(ایک خبر)

اب جلالیوں کے استعفے بھی آنے والے ہیں۔(جے سالک)

☆۵۶ لاپتہ افراد بازیاب۔(وزارت داخلہ)

کیا یہ لوگ جہادی تنظیموں سے بازیاب ہوئے ہیں؟



© rasailojaraid.com